Task - 5

# ذمہ داریاں

۱۔ عالمی شہری کی کوئی سی چار ذمہ داریاں لکھیں۔

1۔ دوسروں کو سمجھنے کی کوشش کرنا اور اُن کا احترام کرنا۔

2۔ ماحول کو ممکنہ حد تک صاف رکھنا۔

3۔ دوسروں کی مدد اور تعاون کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا۔

4۔ قدرتی وسائل کو ضائع ہونے سے بچانے کی کوشش کرنا

۲۔ ایک پاکستانی شہری ہونے کی حیثیت سے آپ کے تین اہم فرائض کیا ہیں؟

اپنے ملک کا وفادار ہونا۔

قانون کا احترام اور پابندی کرنا۔

ایمان داری اور پابندی سے ٹیکس کی ادائیگی کرنا

۳۔ والدین کے ساتھ اپنے علاقے کا دورہ کریں۔ عوامی مقامات ہسپتال، پارک، مسجد وغیرہ کا مشاہدہ کریں۔ بتائیں کہ ان مقامات کی کیا حالت ہے؟ اشیا، کرسی، پودے، گاڑیاں، پنکھے وغیرہ کس حالت میں ہیں؟ اور ہم ان کو کیسے درست رکھ سکتے ہیں؟ والدین سے تبادلہ خیال کر کے جواب لکھیں۔

آپ اِن عوامی مقامات میں سے کسی ایک کا بھی جائزہ لے سکتے ہیں۔